https://www.upboardonline.com

मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 11

अनुक्रमांक

नाम..

904

# 804

## 2020

## उर्दू

समय : तीन घण्टे 15 मिनट ] [ पूर्णांक : 70

नोट : प्रारम्भ के 15 मिनट परीक्षार्थियों को प्रश्नपत्र पढ़ने के लिए निर्धारित हैं।

(حصہ اول)

1. (الف) مندرجہ ذیل میں سے دو کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی پیش کیجیے: 4

(i) اسم نکرہ (ii) اسم معرفہ

(iii) ماضی بعید (iv) ماضی قریب

یا

صفت کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی مختلف اقسام کی وضاحت کیجیے۔

[ Turn over



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



(ب) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف چار کی جمع بنائیے: 2

(i) استاد (ii) ادیب

(iii) اُفق (iv) ترکیب

(v) جذبہ (vi) آفت

یا

مندرجہ ذیل میں سے چار کا انتخاب کیجیے اور بتائیے کہ یہ مذکر ہیں یا مؤنث؟

(i) دروازہ (ii) گائے

(iii) ظالم (iv) چارپائی

(v) تلوار (vi) مکان

2. مندرجہ ذیل اصناف ادب میں سے صرف دو پر مختصر نوٹ لکھیے:

(i) نظم (ii) افسانہ

(iii) قصیدہ (iv) مرثیہ



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



3. مندرجہ ذیل میں سے دو کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی دیجئے : 5

(i) حسن تعلیل

(ii) تضاد

(iii) تجنیس

(iv) لف ونشر

4. مندرجہ ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے صرف پانچ کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ اُن کا مفہوم واضح ہو جائے : 5

(i) آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا

(ii) گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے

(iii) ملا کی دوڑ مسجد تک

(iv) مدعی سست گواہ چست

(v) بھینس کے آگے بین بجانا



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



(vi) اونچی دکان پھیکا پکوان

(vii) جس کی لاٹھی اس کی بھینس

(viii) عید کا چاند ہونا

(ix) ہوا سے باتیں کرنا

قادر انصاری

(x) سبز باغ دکھانا

5. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے :

(i) حب الوطنی اور قومی یکجہتی

(ii) ٹیلی ویژن کے فائدے اور نقصانات

(iii) میری پسندیدہ ادبی شخصیت

(iv) عالمی امن واتحاد

6. مندرجہ ذیل عبارت کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے : 6

میں ایک مقامی فرم میں کیشیر تھا۔ ایک بار نہ جانے کیسے پچاس ہزار کا گھپلہ ہو گیا جس کی ایک پائی بھی میری ذات پر صرف نہیں ہوئی تھی۔ آڈیٹر نے



https://www.upboardonline.com

اسے چیک کرلیا اور مجھے جیل بھجوا دینے کی دھمکی دی۔ ان دنوں میں بیحد شریف یا دوسرے لفظوں میں بزدل تھا۔ ڈر گیا۔ پھر آڈیٹر نے ہی تجویز پیش کی کہ میں ایک گروہ کے لیے کام کروں جو اسمگلنگ کرتا ہے۔ اس طرح یہ کمی پوری کردی جائے گی۔ میں تیار ہوگیا۔ پھر جب اچھی طرح دلدل میں پھنس گیا تو معلوم ہوا کہ وہ اسمگلر نہیں ایک غیر ملکی ایجنٹ تھا۔

(حصہ دوم)

7. مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کا مطلب ضروری حوالوں کے ساتھ لکھیے۔ سیاق و سباق کے لیے تین نمبر متعین ہیں۔ 10

(الف)

بڑی تقطیع کی کتابوں کو الگ رکھ دیا۔ چھوٹی تقطیع کی کتابوں کو سائز کے مطابق الگ کھڑا کر دیا۔ ایک نوٹ پیپر پر کتاب کے صفحوں کی تعداد لکھ کر سب کو جمع کیا۔ پھر پندرہ اپریل تک کے دن گنے۔ صفحوں کی تعداد کو دنوں کی تعداد پر





منقسم کیا۔ ساڑھے پانچ سو جواب آیا لیکن اضطراب کی کیا مجال جو چہرے پر ظاہر ہونے پائے۔ دل میں کچھ تھوڑا سا پچھتائے کہ صبح تین بجے ہی کیوں نہ اٹھ بیٹھے لیکن کم خوابی کے طبی پہلو پر غور کیا تو فوراً اپنے آپ پر ملامت کی۔ آخرکار اس نتیجے پر پہنچے کہ تین بجے تو لغویات ہے البتہ پانچ چھ سات بجے تک اٹھنا نہایت معقول ہوگا۔

(ب)

چارپائی کی مثال ریاست کے ملازم سے دے سکتے ہیں یہ ہر کام کے لیے ناموزوں ہوتا ہے، اس لیے ہر کام پر لگا دیا جاتا ہے۔ ایک ریاست میں کوئی صاحب ''ولایت پاس'' ہوکر آئے۔ ریاست میں کوئی اسامی نہ تھی جو ان کو دی جاسکتی۔ آدمی سوجھ بوجھ کے تھے۔ راجا صاحب کے کانوں تک یہ بات پہنچا دی کہ کوئی جگہ نہ ملی تو وہ لاٹ صاحب سے طے کر آئے ہیں، راجا صاحب ہی کی جگہ پر اکتفا کریں گے۔

https://www.upboardonline.com



8. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** کے حالات زندگی تحریر کیجئے 4

(i) مرزا ہادی رسوا

(ii) رشید احمد صدیقی

(iii) الطاف حسین حالی

(iv) کرشن چندر

9. مندرجہ ذیل اشعار میں سے **صرف چار** کی تشریح کیجئے : 8

(i) اک عمر چاہیے کہ گوارا ہو نیشِ عشق
رکھی ہے آج لذتِ زخمِ جگر کہاں

(ii) تہی زندگی سے نہیں یہ فضائیں
یہاں سینکڑوں کارواں اور بھی ہیں

(iii) حیرت غرورِ حسن سے شوخی سے اضطراب
دل نے بھی تیرے سیکھ لیے ہیں چلن تمام



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



(iv) آہوں نے میری خرمنِ ہستی جلا دیا
کیا منہ دکھاؤں گا تری برقِ نظر کو میں

(v) اک معما ہے سمجھنے کا نہ سمجھانے کا
زندگی کاہے کو ہے خواب ہے دیوانے کا

(vi) جہلِ خرد نے دن یہ دکھائے
گھٹ گئے انساں بڑھ گئے سائے

10. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** کی تشریح ضروری حوالوں کے ساتھ کیجئے : 4

(الف)

وہ بھگت سنگھ اب بھی جس کے غم میں دل ناشاد ہے
اس کی گردن میں جو ڈالا تھا، وہ پھندا یاد ہے
آج کشتی امن کی امواج پر کھیتے ہو کیوں ؟
سخت حیراں ہوں کہ اب تم درسِ حق دیتے ہو کیوں؟
ظلم بھولے، راگنی انصاف کی گانے لگے
لگ گئی ہے آگ کیا گھر میں کہ چلانے لگے



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



(ب)

کیا تمام مسیحا قریب و دور جو تھے
طلب کیے گیے سب کو زرِ کثیر دیا
مگر خدا کو جو منظور تھا وہ ہو کے رہا
اجل نے بیٹے سے محبوب باپ چھین لیا
خبر یہ پھیل گئی دور، پاس پل بھر میں
ہر ایک روتا تھا زار و قطار سُن سُن کر

11. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح ضروری حوالوں کے ساتھ کیجئے۔

5

(الف)

ملائی اگر کیجئے تو ملا کی ہے یہ قدر
ہوں دو روپے اس کے جو کئی مثنوی خواں ہے
اور یا حضرِ اخوند کا اب کیا میں بتاؤں
اک کاسہ دال عدس وجوکی دوناں ہے

[ Turn over



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



دن کو تو بچارا وہ پڑھایا کرے لڑکے
شب خرچ لکھے گھر کا، اگر ہندسہ داں ہے

(ب)

ابر ڈھالوں کا اٹھا تیغ دو پیکر چمکی
برق چھپتی ہے یہ چمکی تو برابر چمکی
سوئے پستی کبھی کوندی کبھی سر پر چمکی
کبھی انبوہ کے اندر کبھی باہر چمکی
جس طرف آئی وہ ناگن اسے ڈستے دیکھا
مینہ سروں کا صف دشمن پہ برستے دیکھا



https://www.upboardonline.com

https://www.upboardonline.com



12. مندرجہ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کے حالات زندگی تحریر کریں: 4

(i) علامہ اقبال

(ii) الطاف حسین حالی

(iii) درگا سہائے سرور

(iv) میر انیس

804 - 1,40,000

https://www.upboardonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Send your old paper & get 10/-
अपने पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से

L7777

https://www.upboardonline.com